میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ یمن

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحرير
HIZB UT TAHRIR

پیر، 02جمادی الاول 1438ھ | 30/01/2017 | نمبر: HTY-03/1438

پریس ریلیز

امریکہ یمن میں قتل وغارت کے لیے اپنی فوجیں اتار رہا ہے، جبکہ حریف نہ صرف دیکھ رہے ہیں بلکہ اس کی مدد بھی کر رہے ہیں!!!

امریکی محکمہ دفاع نے بروز اتوار یمن میں القاعدہ کے عسکریت پسندوں کے ساتھ جھڑپوں کے نتیجے میں اس کے فوجیوں میں سے ایک کے مرنے اور تین کے زخمی ہونے کا اعلان کیا۔ فرانسیسی خبر رساں ایجنسی "اے ایف پی" نے پینٹاگون کے حوالے سے مزید تفصیلات دیے بغیر یوں کہا کہ "مرکزی یمن کے صوبے البیضاء میں القاعدہ پر حملے کے نتیجے میں ایک امریکی سروس ممبر ہلاک اور تین زخمی ہوئے ہیں"۔

علی الصبح مقامی ذرائع نے "یمن مانیٹر" کو بتایا کہ القاعدہ کے ساتھ مشتبہ روابط والے قبائلی عسکریت پسندوں نے صوبہ البیضاء کے علاقے الرداع میں ایک امریکی طیارے کو مار گرایا ہے جب وہاں امریکی افواج اترنے کی تیاریاں کر رہی تھیں۔ ذرائع کے مطابق "امریکی افواج کی جانب سے "ایئر لینڈنگ آپریشن" کرنے والوں نے درجنوں عورتوں اور بچوں کو ہلاک اور زخمی کر دیا اور ان میں تین قبائلی سردار عبد الرؤف الدحب، سلطان الدحب اور سیف الجوفی بھی شامل ہیں، جن پر واشنگٹن نے القاعدہ کے ساتھ منسلک ہونے کا الزام لگایا"۔

نیویارک ٹائمز نے کہا کہ البیضا میں القاعدہ کے ہیڈ کوارٹرز پر چھاپہ پہلا زمینی آپریشن تھا جس پر امریکی صدر ٹرمپ نے دستخط کیے تھے۔ یمن میں القاعدہ کی قریبی سماجی میڈیا سائٹس پر اس کی طرف سے جاری ایک بیان میں البضاء کے شہر "یکلاء" میں فوجی لینڈنگ آپریشن کی تفصیلات بیان کی گئی ہے۔ القاعدہ کے ایک نمائندے کی رپورٹ کے مطابق "ایک امریکی طیارے نے بروز اتوار علاقے کے ایک گاؤں کو نشانہ بنا کر درجنوں کو ہلاک کر دیا جس میں بہت سی خواتین اور بچے بھی شامل ہیں"۔ نشریات کے مطابق امریکی طیارے رات 9 بجے سے اُڑ رہے تھے جبکہ آپریشن بروز اتوار رات 2 بجے شروع ہوا جب چار طیاروں نے گاؤں کے تین گھروں کو نشانہ بناتے ہوئے 16 میزائل گرائے، جس کے ساتھ ہی امریکی فوجی اترے اور جھڑپیں شروع ہو گئیں جو کہ دو گھنٹوں تک جاری رہیں جس کے دوران متعدد امریکی فوجی ہلاک اور زخمی بھی ہوئے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ "امریکی فوجیوں نے بچوں اور عورتوں پر فائرنگ کر کے سنگین جرم اور ایک خوفناک قتل عام کیا ہے"۔ بیان کا اختتام ان الفاظ پر ہوا کہ "گاؤں سے کُل ہلاکتوں میں تقریباً تیس خواتین، بچے اور مرد شامل ہیں"۔

یہ امریکی جرم یمن میں اس لڑائی کے بہانے پیش آیا، جسے وہ دہشت گردی کہتا ہے اور عین اسی وقت سیاسی جماعتوں کی لڑائی اور جھڑپوں نے اینگلو امریکی تنازعے کو سہولت فراہم کی جس نے ملک اور قوم کو تہس نہس کر دیا۔ اور شرم کی بات تو یہ ہے کہ ہر پارٹی ملک کی آزادی کی دعویدار بن کر لڑ رہی ہے اور اس صحرا (یمن) میں امریکہ تکبر اور اپنی مبینہ خود مختاری کے ذریعے آ گیا ہے۔ دونوں جماعتیں اس جرم کے رونما ہونے سے قبل اس سے واقف تھیں، چاہے امریکہ اُن کی مدد کرے یا وہ اِس جرم میں امریکہ کی مدد کریں، چاہے وہ حوثی کے ساتھ ہوں جو امریکہ اور اس کے اتحادی علی صالح کی موت کے گُن گائیں، یا پھر حادی کے ساتھ ہوں جس کو اتحادی ریاستوں کی حمایت حاصل ہے۔ یمن کی فضاؤں پر جن کا قبضہ ہے، ہر کوئی یمن اور اس کے عوام کے خلاف سازشیں کر رہا ہے، ملک اور اس کی خود مختاری کا لحاظ کیے بغیر اقتدار حاصل کرنے کی کوشش میں لگا ہوا ہے اور اگر ان میں نیک لوگ تھے تو انہیں ایک دوسرے کے خلاف ہتھیار اٹھانے سے روکا جاتا اور جو حقیقی دشمن ہے اُس کی طرف متوجہ کیا جاتا جو ان کے اپنے گھر کے پچھواڑے میں انہیں فتح کر رہا ہے۔

اے ایمان اور عقل والے لوگو! یہ وقت آپ کے ملک میں موجود ان دو متنازعہ جماعتوں کی حقیقت کو سمجھنے کا ہے اور ان حکمرانوں کی حقیقت جاننے کا موقع ہے جو آپ کے مسائل میں آپ کے حمایتی نظر آتے ہیں مگر ان کے اتحاد کا مقصد کافر استعماریوں کی خدمت کرنا ہے جن کی قیادت امریکہ کر رہا ہے۔ یہ امریکی مخالف نعروں کی حقیقت جاننے کا وقت ہے اور وہ صرف دھوکہ اور گمراہ کن نعرے ہیں۔ آپ کو اپنے جلال اور شان و شوکت کے لئے، آپ کی خود مختاری، آپس میں بغاوت کے خاتمے اور آپ کی صفوں کی وحدت کے لئے حزب التحریر اپنے ساتھ کام کرنے کی دعوت دیتی ہے کہ نبوت کے طریقے پر خلافت قائم کریں، کیونکہ صرف یہی آپ کی حفاظت کرے گی اور اسی کی وجہ سے آپ اپنے ملک سے استعماری طاقتوں کے ہاتھ کاٹ دیں گے اور اُس دن اہل ایمان اللہ کی فتح کی خوشی منائیں گے۔

ولایہ یمن میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ای میل: asdaleslam2020@gmail.com
ٹیلی فون: 735417068
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org